# سوال

(609)خوابوں کی تعبیر قرآن وسنت کی روشنی میں

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خوابوں کی تعبیر کیسے معلوم کی جائے؟ کیا اس کے متعلق قرآن وحدیث میں کوئی راہنمائی ہے؟ اگر اس موضوع پر کوئی صحیح کتاب ہو تو اس کا نام تحریر فرمائیں؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خواب کی تعبیر کتاب وسنت کے نصوص اور آثار سلف کی روشنی میں اور رائی (دیکھنے والے) کی حالت کے پیش نظر کی جاتی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

«اصدقهم رويا اصدقهم حديثا» (مسلم)

''سب سے زیادہ سچا خواب اس کا ہوتا ہے جو گفتگو میں سب سے زیادہ سچا ہو۔'' اسی بناء پر معروف ہے کہ انبیاء علیہ السلام کے سب خواب سچے ہوتے ہیں اگرچہ بعض خواب تعبیر کے محتاج ہوتے ہیں اور صالحین کے خواب بھی غالباً سچے ہوتے ہیں اور بعض خواب ایسے بھی ہوتے ہیں جو تعبیر کے محتاج نہیں ہوتے۔ اور دیگر لوگوں کے خواب سچے اور پراگندہ سب قسم کے ہوتے ہیں دوسری روایت میں ہے۔

«الصدق الرويا بالاسحار» (مسند احمد)

''سب سے سچا خواب سحری کے وقت کا ہوتا ہے۔''

"ایک دفعہ دو آدمیوں نے خواب میں اذان دی امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ایک کے ورع وتقوی کے پیش نظر فرمایا تو حج کرے گا۔ قرآن میں ہے

وَأَذِّن فِى النّاسِ بِالحَجِّ ... ٢٧ ... سورة الحج

اور دوسرے کی حالت اس کے برعکس تھی فرمایا: تو چوری میں پکڑا جائے گا۔ قرآن میں ہے۔

ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا العيرُ إِنَّكُم لَسـٰرِقونَ ... ٧٠ ... سورة يوسف

تعبیر رؤیا کے جملہ اصولوں کی تشریح کتاب "تعبیر الرؤیا" کے شروع میں موجود ہے جو کافی نفع بخش ہیں۔ موضوع ہذا پر اس کتاب کو بنیادی حیثیت حاصل ہے بازار سے بزبان اردو دستیاب ہے مؤلف کا اسم گرامی امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ**

# ج1ص882

**محدث فتویٰ**